© rasailojaraid.com

# اخبار الجامعۃ والجماعۃ

## جامعہ تعلیم القرآن رحمانیہ کنگن پور ضلع قصور میں 42 ویں سالانہ قرآن کانفرنس

مورخہ 14 نومبر بروز سوموار جامعہ تعلیم القرآن رحمانیہ کنگن پور ضلع قصور میں 42 ویں سالانہ تقسیم اسناد و انعامات کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی، کانفرنس سے ڈاکٹر عبدالغفور راشد، مولانا عبداللہ نثار، مولانا محمد یوسف پسروری، قاری احمد حسن ساجد، حافظ عبدالغفار روپڑی، حافظ عبدالمنان راسخ اور دیگر علماء نے خطاب کیا۔اس کانفرنس کا انتظام وانصرام جامعہ تعلیم القرآن رحمانیہ کے رئیس قاری محمد صادق رحمانی، مولانا عبدالخالق رحمانی، قاری خالد رحمانی اوران کے رفقاء نے کیا۔

## مرکزی جامع مسجد عبداللہ بن مسعودؓ اہل حدیث کوٹ جھرانہ (منڈی بہاؤالدین)

### میں عظیم الشان فضائل قرآن کانفرنس

مورخہ 12 فروری بروز اتوار بعداز نماز عشاء مرکزی جامع مسجد عبداللہ بن مسعودؓ اہل حدیث (مرکز ابوالقاسم) کوٹ جھرانہ میں شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے دوخوش نصیب بچوں نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا۔اس موقع پرعظیم الشان فضائل قرآن کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قاری حسین علی قاسمی امام وخطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔کانفرنس سے حافظ محمد فہد، قاضی محمد رمضان صدیقی اور مولانا انعام اللہ عثمانی نے خطاب کیا۔حاضری کے لحاظ سے کانفرنس انتہائی کامیاب رہی۔

## جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث بڑاگواہ میں افتتاحی خطبہ جمعہ

تحصیل سوہاوہ میں ڈومیلی کے قریب موضع بڑاگواہ نزد فرخ ظہور پولٹری فارم حاجی ظہور احمد اوران کے بیٹے فرخ ظہور نے مسجد کیلئے 10 مرلے جگہ وقف کی۔قاری محمد زبیر صاحب کی کوشش سے عظیم الشان جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث کی تعمیر مکمل ہوئی۔مورخہ 18 نومبر کو رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے افتتاحی خطبہ جمعہ ارشادفرمایا جس میں بڑاگواہ، ڈومیلی اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔حاجی ظہور احمد اوران کے رفقاء نے نماز جمعہ کے بعد شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے درجہ اوّل کے تین طلبا کی تقریب تکمیل حفظ القرآن

امسال جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن کی کلاس اوّل کے 3 طلبا حافظ اسامہ اقبال، حافظ سعد عبدالوحید اور حافظ منیب صابر نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا۔ اُن کے اعزاز میں مورخہ 11 فروری بروز ہفتہ دن گیارہ بجے ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ان 3 خوش نصیب طلبا نے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی کو آخری سبق سنایا۔ اس موقع پر جامعہ اور اُثریہ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول کے اساتذہ کے علاوہ ارشد محمود زرگر، چوہدری احتشام الحق نمبردار، تنویر اسلم اور صابر حسین موجود تھے۔

## مصطفائی کارپٹ اینڈ پردہ سینٹر کا شاندار افتتاح

مورخہ 30 جنوری بروز سوموار شیخ سیٹھی محمد اشرف کے بیٹے سیٹھی مصطفیٰ نے مجاہد آباد اولڈ جی ٹی روڈ بالمقابل پرانا پاسپورٹ آفس مصطفائی کارپٹ اینڈ پردہ سینٹر کے نام سے کاروبار شروع کیا۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مختصر درس اور دعا کے ساتھ اس دکان کا افتتاح کیا جس میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## حارث الیکٹرک سٹور (پنڈی سید پور) کی افتتاحی تقریب

جماعت کے مخلص ساتھی اسجد محمود کے بیٹے حارث اسجد نے ٹھل چوک پنڈی سید پور میں حارث الیکٹرک سٹور کے افتتاح کے موقع پر مورخہ 9 فروری بروز جمعرات افتتاحی پروگرام کا اہتمام کیا جس میں مولانا قطب شاہ نے مختصر درس دیا اور دعا کی اس پروگرام میں جماعتی احباب نے کافی تعداد میں شرکت کی۔

# وفیات

## محمد شفیق و محمد عقیل شفیق (دینہ) کو صدمہ

جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث دینہ کے مستقل نمازی محمد شفیق کا بیٹا اور محمد عقیل کا بھائی محمد نعمان شفیق طیارہ حادثہ میں وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کا پابند، نیک اور ملنسار انسان تھا۔ مرحوم کی نماز جنازہ مورخہ 16 دسمبر بروز جمعہ دینہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد علی (محلہ خواجگان) کو صدمہ

مورخہ 2 جنوری بروز سوموار محمد علی کے والد عبدالستار بلال ٹاؤن میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون.



© rasailojaraid.com